سوال

(50) آمین بالجہر نماز میں پیغمبر صاحب کا قول اور فعل ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آمین بالجہر نماز میں پیغمبر صاحب کا قول اور فعل ہے یا نہیں، اور یہ اسلام کی بات ہے یا کفر کی اور حنفی کی کتابوں سے اور صحیح صحیح حدیثوں سے ثابت ہے یا نہیں اور مسلمانوں کا فعل ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آمین بالجہر کہنا پیغمبرﷺ صاحب کا فعل ہے، اور یہ اسلام کی بات ہے اور صحیح حدیث سے ثابت ہے، اور حنفی بھی اس مضمون کو لکھتے ہیں، مگر اختلاف ہے اور بہت سے مسلمانان قدیم کا یہ فعل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 140

محدث فتویٰ